اوساکا پریفیکچرل بورڈ آف ایجوکیشن
(Osaka Prefectural Board of Education)

بیرون ملک سے جاپان واپس آنے والے اور غیر ملکی طلبہ کے لیے
ایجوکیشن سپورٹ پروگرام (تعلمی معاونت کا پروگرام)
2026 ایڈیشن

# مستقبل کے کیریئر کے انتخاب کے لیے

اوساکا پریفیکچرل بورڈ آف ایجوکیشن
(Osaka Prefectural Board of Education)

＜ウルドゥー語＞

# مندرجات


- دیباچہ ص 1
- جاپان میں ایجوکیشنل اسٹرکچر (تعلیمی ڈھانچہ) ص 2
- ہائی اسکولوں کی اقسام ص 3
- ہائی اسکول میں معمول کا ایک دن ص 7
- ہائی اسکول میں معمول کا ایک سال ص 8
- اسکول کی فیس ص 9
- امتحانات برائے داخلہ (اینٹرینس ایگزامینیشن) ص 10
- پبلک ہائی اسکول

اینٹرنس ایگزامینیشن میں آنے والے مضامین ص 12

ایڈمیشن (داخلہ) کا طریقہ کار اور معیار ص 14

بیرون ملک سے واپس آنے والے طلباء کا داخلہ کے لئے انتخاب ۔ ص 15

جاپان واپس آنے والے طلباء یا غیر ملکی طلباء کا داخلہ کے لئے انتخاب جنہیں جاپانی زبان ک

ی تعلیم کی ضرورت ہے۔ ص 16

جاپان واپس آنے والے اور ان دیگر طلبہ کے لیے داخلہ امتحانات میں خصوصی رعایتیں

جنہیں جاپانی زبان میں معاونت کی ضرورت ہو ص 17

2024 کے تعلیمی سال کے داخلے کے امتحان کا شیڈول ص 19

- اسکول کی فیس کے لیے مالی تعاون

داخلہ فیس کے لیے وقتی قرض فراہم کرنے کا نظام ص 21

اسکالرشپ سسٹم ص 22

- ہائی اسکول کے متبادل ص 24
- معاون تنظیموں کی فہرست ص 25


# دیباچہ

یہ بُکلیٹ (کتابچہ) ان طلبہ کے لیے بنایا گیا ہے جو اوساکا(Osaka) پری فیکچرکہ  ہائی اسکول میں داخلہ لینا چاہتے ہیں۔ اس میں متعلقہ بنیادی معلومات شامل ہیں جیسا کہ ہائی اسکول کیسا ہوتا ہے اور اپنے لیے موزوں ہائی اسکول کا انتخاب کس طرح سے کیا جائے اور اس میں کس طرح داخلہ لیا جائے۔ اوساکا پری فیکچر میں ایک ایسا نظام موجود ہے جو مستقبل کے تعلیمی سفر کا انتخاب اور آپ کے تمام ممکنہ سوالات کا  جواب دینے میں آپ کی مدد کرے گا۔ ہائی اسکول میں داخلہ سے متعلق اگر آپکے زہن میں کوئی سوال ہو ، تو اپنے/اپنی ہوم روم استاد یا اس بُکلیٹ (کتابچے) میں متعارف کئے جانے والے اداروں سے مشورہ کریں۔

*یہ کتابچہ  اوساکا پریفیکچرل ایجنسی آف ایجوکیشن، بلدیات کے لیے تعلیمی دفتر، ایلیمینٹری اینڈ جونیئر ہائی اسکول ڈویژن کی ویب سائٹ پر موجود ہے -۔ معلومات جاپانی، چینی، کورین، ویتنامی، فیلیپینو، پرتگیزی، ہسپانوی، تھائی، انگریزی، انڈونیشیئن، روسی، نیپالی، اردو، عربی مَلائے یوکرینی اور سنہالی زبان میں موجود ہیں۔

( https://www.pref.osaka.lg.jp/o180080/shochugakko/kikokutoniti-sapo/shinro-senntaku.html )

**■ اس  تمام بُکلیٹ (کتابچہ) میں کلیدی نکات کے لیے  3 علامات  استعمال کی گئی ہیں**



یہ علامت ہر سیکشن کے کلیدی نکات کی وضاحت کرتی ہے۔

یہ علامت ہر شے کی تفصیلی وضاحت سے متعلق ہے



یہ علامت ہر صفحہ میں درج سوالات اور متعلقہ صفحات کی نشان دہی کرتا ہے۔

# جاپان کا تعلیمی نظام

جاپان میں، ایلیمنٹری اسکول اور جونیئر ہائی اسکول لازمی تعلیم کا حصّہ ہے - اپنے بچوں کو لازماً اسکول بھیجنا ہوگا۔ لازمی تعلیم ختم ہو جانے کے بعد، طلبہ کے پاس اپنی تعلیم کو جاری رکھنے کے لیے متعدد اختیارات (آپشنز)، یا ایسے دیگر راستے موجود ہیں، جو وہ اختیار کر سکتے ہیں۔

| عمر | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 7 – 12 | لازمی تعلیم | پرائمری/ایلیمینٹری اسکول<br>6 سال | | | |
| 13 – 15 | لازمی تعلیم | جونیئر ہائی/مڈل اسکول<br>3 سال | | | |
| 16 – 18 | | ہائی اسکول<br>3 سال | خصوصی تربیتی اسکول<br>1 سال یا زائد | ٹیکنیکل کالج<br>5 سال | پیشہ ورانہ تربیتی اسکول<br>1 یا 2 سال |
| 19 – 22 | | یونیورسٹی<br>4-6 سال | جونیئر کالج<br>2 سال | پیشہ ورانہ کالج<br>1 سال یا زائد | |
| 23 – 24 | | گریجویٹ اسکول<br>2-5 سال | | | |

کیا ہر ہائی اسکول اپنے طلبہ کو 3 سالوں میں گریجویٹ کرواتا ہے؟

⇐ کل وقتی کورس کی تعلیمی مدت عموماً 3 سال ہوتی ہے۔ براہ کرم کورسز کی دیگر اقسام دیکھنے کے لیے صفحہ 5 اور 6 ملاحظہ کریں۔

# ہائی اسکولوں کی اقسام

جاپان میں پبلک ہائی اسکول، نیشنل ہائی اسکول، اور پرائیویٹ ہائی اسکول ہیں۔

■ **پبلک ہائی اسکول** ،نیشنل ہائی اسکول

اسے پریفیکچر، شہر یا حکومت بناتی ہے ۔

یہ ایک مخلوط تعلیمی اسکول ہے۔

■ **پرائیویٹ ہائی اسکول:**

جو انفرادی طور پر یا کارپوریشنز کی جانب سے قائم کیے گئے ہوں۔ زیادہ تر صورت حال میں، اسکول کے خرچے پبلک اسکول سے زیادہ ہوتے ہیں۔ ※

کچھ نجی ہائی اسکول جنس کی بنیاد پر علیحدہ تعلیم فراہم کرتے ہیں مثلاً۔

صرف لڑکوں یا لڑکیوں کے لیے ہائی اسکول ۔ ظاہر ہے کہ، مخلوط تعلیمی پرائیویٹ اسکول بھی موجود ہیں۔

*کسی فرد کی گھریلو آمدنی کی بنیاد پر پرائیویٹ ہائی اسکول کی ٹیوشن فیس میں معاونت کے لیے ایک نظام موجود ہے۔ ⇐ براہ کرم صفحہ 9 ملاحظہ کریں۔

کیا پبلک ہائی اسکول اور پرائیویٹ ہائی اسکول کے داخلہ امتحانات یکساں ہوتے ہیں؟
⇐ نہیں ۔ **پبلک** اور پرائیویٹ ہائی اسکولز کے درمیان داخلے کا معیار اور طریقہ کار مختلف ہیں ۔

■ پبلک ہائی اسکول کے داخلہ امتحانات میں شامل مضامین

⇐ براہ کرم صفحات 12 اور 13 ملاحظہ کریں۔

■ پرائیویٹ ہائی اسکول کے داخلہ امتحانات کے

اوقات کار ، مضامین ، اور داخلے کے معیار ہر اسکول کے مطابق مختلف ہوتے ہیں ۔ مزید معلومات کے لیے، اپنے جونیئر ہائی اسکول کے داخلے کے امتحان کے متعلق رہنمائی کا اختیار رکھنے والے استاد سے رابطہ کریں ۔

**ہائی اسکول کی چار قسمیں ہیں۔ ان کے روزمرہ اور سالانہ اوقات کار، گریجویٹ ہونے کے وقت کی مدتیں اور کلاسز کی اقسام مختلف ہیں۔**

**< فل ٹائم ہائی اسکول >**

■ **اسکول کے اوقات**

صبح سے شام تک (عموماً صبح 8:30 سے شام 5:00 تک)

■ **کورس کی مدت**

3 سال

■ **کلاس کی شکل**

بہت سے ایسے اسکول جن میں دن میں کلاسز دی جاتی ہیں، طلبہ کو ہر تعلیمی سال میں کلاسوں کی ایک مخصوص تعداد لینی ہوگی۔ اگلے سال کی جماعت میں جانے کے لیے متعین کردہ کریڈٹس کی تعداد اور ان کلاسوں کی تکمیل درکار ہے۔ تاہم، ماڈیولر کریڈٹ سسٹم والے اسکولوں میں، طالب علم اپنی کلاسوں کا انتخاب خود کر سکتے ہیں۔

■ **کل وقتی ہائی اسکول کی مثال**

**[عمومی تعلیمی نصاب والے ہائی اسکول]**
طالب علم جاپانی اور ریاضی جیسے مشترکہ مضامین پڑھتے ہیں ۔
**[خصوصی نصاب والے ہائی اسکول]**
طالب علم خصوصی شعبوں میں بنیادی تعلیم حاصل کرتے ہیں مثلاً صنعت، کامرس، زراعت، اور بین الثقافتی علوم۔ اس کے علاوہ، وہ مزید مہارتیں حاصل کرتے ہیں یا سندیں حاصل کرنے کے لیے اپنی اہلیت کو اجاگر کرتے ہیں۔
**[مربوط تعلیمی نصاب والے ہائی اسکول]**
عام مضامین کے ساتھ ساتھ، بہت سے اختیاری مضامین بھی فراہم کیے جاتے ہیں۔ طالب علم اپنی دلچسپیوں کے مطابق انہیں منتخب کرتے ہیں۔
**[امپاورمنٹاسکول]**
طالب علم اپنی سطح کے مطابق بنیادی باتوں کو دہرا سکتے ہیں اور ایسے معاملات میں اپنی منطقی انداز سے سوچنے کی قابلیت کو گہرائی بخشتے ہیں جہاں ایک سے زائد جوابات ٹھیک ہوں۔
**[اسٹیپ سکول]**
فی کلاس تقریباً 30 طالب علموں کے ایک موکمّل سپورٹ سسٹم کے ساتھ، عام مضامین کے علاوہ، خطے کی خصوصیات کو استعمال میں لاتے ہوئے، بینڈ آن لرننگ کا انعقاد کیا جائےگا۔

**<متعدد کلاسوں کریڈٹ سسٹم والے ہائی اسکول ("تخلیقی اسکول")>**

**■ اسکول کے اوقات**

پہلا سیشن = صبح کے وقت (عموماً صبح 8:30 سے دوپہر 12:30)

دوسرا سیشن = دوپہر کے وقت (دوپہر 1:00 سے شام 5:00 )

تیسرا سیشن کچھ اسکولوں میں دیا جاتا ہے (بالکل اسی طرح جس طرح جز وقتی شام کے اسکولوں میں اپنایا جاتا ہے)۔

**■ کورس کی مدت**

اگر طالب علم پہلے اور دوسرے، اور دوسرے اور تیسرے سیشنز میں حاضر ہوتا ہے = 3+ سال

اگر طالب علم پہلے، دوسرے اور تیسرے سیشنز میں الگ الگ حاضر ہوتا ہے = 4+ سال

تیسرے سیشن کو متعلقہ کورس کے ساتھ ضم کرنا ممکن ہے۔

**■ کلاسوں کی اقسام**

طالب علم اپنے اطوار زندگی یا اپنی سیکھنے کی صلاحیت کے مطابق مضامین اور کلاس کے اوقات کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ پہلے، دوسرے، یا تیسرے سیشنز میں کلاسز دستیاب ہیں۔ کلاس کی مدتیں پورے سال سے لے کر آدھے سال تک مختلف ہو سکتی ہیں۔

**< دن اور رات دونوں تعلیمی اوقات والے ہائی اسکول >**

**■ تعلیم کا وقت**

پہلی پیریڈ سے دسویں پیریڈ (10:50 am سے 9:05 pm تک) اپنی پسند کا وقت۔
مثال کے طور پر،
دن کے اوقات: تقریباً صبح 10:50 سے شام 4:30 بجے تک۔
رات کے اوقات: تقریباً شام 5:35 بجے سے رات 9:05 بجے تک

**■ گریجویٹ ہونے میں لگنے والی مدت**

بنیادی طور پر دن کے اوقات کی تعلیم کی صورت میں =3 سال بنیادی طور پر رات کے اوقات کی تعلیم کی صورت میں= 4سال
دن کے مضامین کو ساتھ لینے کی صورت میں = 3 سال

**■ تدریس کی شکل**

اپنی طرز زندگی اور سیکھنے کی رفتار کو نظر میں رکھتے ہوئے آپ اسٹڈی ٹائم سلاٹ کا انتخاب کرسکتے ۔
پہلے سال کے طلباء کا ایک مقررہ ٹائم ٹیبل ہے، وہ بنیادی طور پر گریجویشن کے لیے ضروری مضامین کا مطالعہ کرتے ہیں۔
دوسرے سال کے بعد سے، طلباء اپنے کیریئر کو نظر میں رکھتے ہوئے، اپنی پسند یا دلچسپی کے مطابق مضامین کا انتخاب کرتے ہیں ۔

**<شام کے وقت کا جزوقتی کورس دینے والے ہائی اسکول>**

**■ اسکول میں گزارے جانے والے وقت کی مدت**

بہت سے اسکولوں میں شام 6:00 سے تقریباً رات 9:00 کے دوران کلاسیں ہوتی ہیں۔

**■ کورس کی مدت**

4 سال
مواصلاتی کورس کے ساتھ لیے جانے پر 3 سال یا اس سے زائد

**■ کلاسوں کی اقسام**

کلاسیں شام میں ہوتی ہیں۔ ہر کلاس کے لیے کریڈٹ ملتے ہیں۔

**<مواصلاتی کورسز فراہم کرنے والے ہائی اسکول>**

**■ اسکول میں گزارے جانے والے وقت کی مدتیں**

ہر اسکول کے مطابق کلاس میں حاضری کے تقاضے مختلف ہوتے ہیں، لیکن جو عموماً فی ہفتہ 3-2 دن ہوتے ہیں۔ ہر اسکول کے مطابق کلاس میں حاضری کے دن اور اوقات مختلف ہوتے ہیں۔

**■ کورس کی مدت**

3 سال یا اس سے زائد

**■ کلاس کی صورت**

جس دن کلاس نہ ہو، طالب علم گھر پر خود سے نوٹس اور نصابی کتابیں پڑھ کرسیکھتے ہیں اور رپورٹس جمعہ کروانے کے بعد بذریعہ ڈاک راہنمائی وصول کرتے ہیں۔

کریڈٹس کیا ہوتے ہیں ؟
ہائی اسکول میں، "کریڈٹ" کی اصطلاح سیکھنے کی مقدار کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔
⇐ لفظ "کریڈٹ" ہائی اسکول میں ایک مخصوص کورس کو پڑھتے ہوئے گزارے جانے والے وقت کی نشاندہی کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ جب سیکھنے کے مطلوبہ نتائج حاصل ہو جائیں، تو اس مضمون کے لیے ایک "کریڈٹ" دیا جاتا ہے۔
ایک کریڈٹ سبق کے اوقات کے 35 یونٹس پر مشتمل ہوتا ہے، جہاں ایک یونٹ 50 منٹوں کے برابر ہوتا ہے۔
(50 منٹس × یونٹ کے وقت کے 35 اسباق = 1750 منٹس)
طالب علم کورسز کی ایک مخصوص تعداد کو مکمل کرنے اور مطلوبہ کریڈٹس حاصل کرنے کے بعد گریجویٹ کر لیتے ہیں۔

# ہائی اسکول کا ایک دن

**ذیل میں ایک کل وقتی ہائی اسکول میں طلبہ کی روزمرہ کی سرگرمیوں کی مثالیں دی گئی ہیں۔**

**■ صبح**

اسکول کا آغاز عموماً صبح 8:30 بجے ہوتا ہے اور صبح میں چار درس دیے جاتے ہیں۔ ہر درس مختلف استاد کی جانب سے دی جاتا ہے۔

**■ لنچ**

اسکول میں لنچ فراہم نہیں کیا جاتا۔ طلبہ لنچ کا ڈبہ اپنے گھر سے لاسکتے ہیں اور اسکول میں کیفیٹیریا موجود ہونے پر وہاں بھی کھا سکتے ہیں۔

**■ دوپہر**

دوپہر میں 2 یا 3 سبق دیے جاتے ہیں۔

**■ اسکول کے بعد**

وہ لوگ جو دلچسپی رکھتے ہوں، ان کو حصہ لینے کے لیے کھیلوں اور ثقافتی کلب کی سرگرمیاں میسر ہیں۔ حصہ رضاکارانہ طور پر لیا جاتا ہے۔

اسکول جانے کے لیے کس قسم کے کپڑے پہنے جانے چاہیئیں؟
⇐ اسکول کی یونیفارمز اوساکا پری فیکچر کے پبلک ہائی اسکولز میں "سیئ فُوکُو (Seifuku)" یا "ہیوجِن فُوکُو (Hyojun-fuku)" کہلاتی ہیں، اور گرمیوں اور سردیوں کے حساب سے مختلف ہوتی ہیں۔ زیادہ تر ہائی اسکول یہ تقاضا کرتے ہیں کہ اسکول کی مخصوص یونیفارم پہنی جائے، تاہم، کچھ اسکولوں میں یونیفارم کا کوئی تقاضا نہیں ہوتا اور طالب علم جو چاہیں وہ پہن سکتے ہیں۔

# ہائی اسکول کا ایک سال

**یہ کل وقتی ہائی اسکول میں تعلیم حاصل کرنے والے طالب علم کے ایک سال کی مثال ہے ۔**
**یہاں ہم تین سمسٹر سسٹم والے اسکول کا تعارف کروائینگے، لیکن دو سمسٹر سسٹم والے اسکول بھی ہیں ۔ (دو سمسٹر سسٹم والے اسکول کا ابتدائی دن اسکول کے حساب سے مختلف ہوتیں ہیں-)**

**جاپانی تعلیمی سال کا آغاز اپریل میں شروع ہوتا ہے اور اگلے سال مارچ میں ختم ہوتا ہے۔**

- **■ پہلا ٹرم (عموماً اپریل سے جولائی تک)**
  - داخلے کی تقریب، افتتاحی تقریب، صحت کی جانچ، جسمانی جانچ
  - فیلڈ سٹڈیز، ٹرم کے امتحانات
  - والدین-استاد-طالب علم کی ملاقات
  - اختتامی تقریب
- **■ گرمیوں کی تعطیلات (عموماً جولائی کے اختتام سے اگست کے اختتام تک)**
- **■ دوسری ٹرم (عموماً ستمبر سے دسمبر تک)**
  - افتتاحی تقریب
  - ایتھلیٹکس تہوار (کچھ اسکولوں میں پہلی ٹرم میں منعقد کیا جاتا ہے)
  - سکول کا تہوار یا تعلیمی کامیابیوں کی نمائش
  - سکول کا دورہ، (بنیادی طور پر دوسرے سال کے طلبہ کے لیے منعقد کیا جاتا ہے)
  - ٹرم کے امتحانات
  - والدین-استاد-طالب علم کی ملاقات
  - اختتامی تقریب
- **■سردیوں کی تعطیلات (عموماً دسمبر کے اختتام سے جنوری کے آغاز تک)**
- **■ تیسری ٹرم (عموماً جنوری کے آغاز سے مارچ تک)**
  - افتتاحی تقریب
  - ٹرم کے امتحانات
  - والدین-استاد-طالب علم کی ملاقات
  - گریجویشن کی تقریب، ٹرم کے اختتام کی تقریب
- **■بہار کی تعطیلات (مارچ کے اختتام سے اپریل کے آغاز تک)**

# سکول کی فیس

**اسکول میں پڑھنے کے لیے اسکول کی فیس درکار ہوتی ہے۔ ٹیوشن فیس اسکول کی قسم اور کورس کے مطابق مختلف ہوتی ہے، مثلاً، پبلک یا پرائویٹ ، جز وقتی شام کی کلاسز، مواصلاتی کورس، وغیرہ۔**

**■ مطلوبہ اسکول فیس اور متعلقہ خرچے**

① امتحان کی فیس = داخلے کا امتحان دینے کی فیس
② داخلے کی فیس = اندراج کی فیس
③ ٹیوشن فیس = تعلیم کی فیس
④ اسکول کے پہلے سال کی لاگت کیٹیگری ①، ②، اور ③، کی فیسوں کا مجموعہ ہوتی ہے، بشمول نصابی کتابوں کی فیس کے۔ اس کے علاوہ، اسکول کی یونیفارم کی فیس ان اسکولوں کو ادا کی جانی چاہیئے جو اس کا تقاضا کرتے ہوں۔

| | | ① امتحان کی فیس | ② داخلہ فیس | ③ ٹیوشن کی فیس | ④ پہلے تعلیمی سال کی لاگت |
|---|---|---|---|---|---|
| کل وقتی کورس | پبلک اسکول | ¥2,200 | ¥5,650 | ¥118,800 | تقریباً ¥300,000 |
| | پرائیویٹ اسکول *1 | ¥20,000 | ¥200,000 | ¥600,000 | تقریباً ¥1,100,000 |
| جز وقتی اسکولنگ (پبلک) | | ¥950 | ¥2,100 | ¥32,400 | تقریباً ¥60,000 |
| مواصلاتی کورس (پبلک) | | ¥800 | ¥500 | ¥330 فی یونٹ/ فی سال | تقریباً ¥40,000 |

*1 ہر پرائیویٹ ہائی اسکول انفرادی طور پر اپنی ٹیوشن فیس متعین کرتا ہے۔ رقم کی مثال:

**■ ٹیوشن فیس کے لیے مالی معاونت**

○ 2026 کے تعلیمی سال سے، سرکاری ہائی اسکول کے تمام جماعتوں کی تعلیم مفت کر دی جائے گی۔
○ نجی اور دیگر ہائی اسکولز میں ٹیوشن فیس کو ختم کرنے کے لیے سسٹم
2026 کے تعلیمی سال سے تمام جماعتوں کی ٹیوشن فیس عملی طور پر مفت ہو جائے گی۔
(تمام نجی ہائی اسکول مفت ٹیوشن فراہم نہیں کرتیں ۔ براہ کرم درج ذیل لنک سے رجوع کریں۔ ۔ (تاہم جانکاری صرف جاپانی میں موجود ہے۔)

https://www.pref.osaka.lg.jp/o180160/shigaku/shigakumushouka/index.html

**داخلہ کے بعد کے دستاویزی کام سرکاری اور نجی دونوں اسکولوں کے لیے ضروری ہیں۔**

فیس نہ ادا کر سکنے کی صورت میں کیا کریں ؟
⇐ براہ کرم صفحات 21 اور23 ملاحظہ کریں۔

# داخلہ امتحان(نیُوگَاکو شِکین ("Nyugaku Shiken"))


**کسی پبلک ہائی اسکول میں داخلہ کے لیے** داخلے کا امتحان **دینا لازمی ہے۔**
**داخلامتحان "نیُوشی (Nyushi)" یا "نیُوگَاکشا سنبتاتسو"(Nyugakusha Sembatsu)**
**بھی کہلاتا ہے۔ براہ کرم ہائی اسکول میں داخلے کی اسکریننگ کے طریقہ کاروں کے بارے میں مندرجہ ذیل نکات پر غور کریں۔**

■ داخلے کے امتحان **سے داخلہ تک کے مراحل**

کامیاب ⟸ ناکام ◄┅┅┅

◎ <u>پرائیویٹ ہائی اسکولوں کے لیے درخواست</u>

(صرف پرائیویٹ اسکول کے لیے درخواست)
اگر آپ کسی پرائیویٹ ہائی اسکول کے داخلہ امتحان میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو آپ اس اسکول میں داخل ہونے کے حق دار ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ پرائیویٹ ہائی اسکول کے داخلہ امتحان میں کامیاب ہو جاتے ہیں، تو آپ کسی پبلک ہائی اسکول میں داخلے کا امتحان نہیں دے سکتے۔





* صرف مخصوص ہائی اسکول اور کورسوں کے لیے منعقد کیا جاتا ہے

◎ <u>پبلک ہائی اسکولوں کی درخواست</u>

(صرف ایک پبلک (پبلک) اسکول کی درخواست)


اس صورت حال میں، آپ ایک پبلک ہائی اسکول میں داخلہ کا انتخاب کرتے ہیں۔ آپ پبلک ہائی اسکول کا پہلا **داخلے کا امتحان** (زَینکی نیُوشی ( (Zenki Nyushi)نہیں دیتے، آپ صرف دوسرا امتحان )کوکی نیُوشی  (Koki Nyushi)دیتے ہیں۔




* صرف مخصوص ہائی اسکول اور کورسوں کے لیے منعقد کیا جاتا ہے

(پبلک اور پرائیویٹ ہائی اسکول دونوں کے لیے درخواست)

وہ طالب علم جو پبلک ہائی اسکول میںداخلہ کے خواہشمند ہیں ایک پرائیویٹ ہائی اسکول کا داخلہ امتحان دے سکتے ہیں اگر پرائیویٹ ہائی اسکول متعدد درخواستوں کی اجازت دیتا ہو۔ اس صورت میں، طالب علم پرائیویٹ ہائی اسکول کے امتحان میں کامیاب ہونے کے بعد بھی پبلک ہائی اسکول کا داخلہ امتحان دے سکتا ہے۔ اگر وہ پبلک ہائی اسکول میں داخلے کے امتحان میں کامیاب ہو جاتا ہے، تو وہ اس میں داخلہ لے سکتا ہے۔




* صرف چند مخصوص ہائی اسکولوں اور کورسوں کے لیےمنعقد کیا جاتا ہے

# پبلک ہائی اسکولز
# داخلے کے امتحان میں آنے والے مضامین

**داخلہ امتحانات میں شامل ہونے والے مضامین لیے جانے والے کورس کی بنیاد پر مختلف ہوتے ہیں۔ مندرجہ ذیل سیکشن میں ان مضامین کا تعارف کروایا گیا ہے جن کا داخلہ امتحانات میں احاطہ کیا جاتا ہے۔**

■ **خصوصی انتخاب (فروری کے وسط اور اختتام کے درمیان)** 2*

| کورسوں کی اقسام | | تعلیمی مہارت کا امتحان اور دیگر |
|---|---|---|
| کل وقتی انضمام شدہ کورس | صنعت (تعمیراتی ڈیزائن، انٹیریئر ڈیزائن، پراڈکٹ ڈیزائن، ویڈیو اور مووی ڈیزائن، ویژوئل ڈیزائن، اور ڈیزائن سسٹم)، عالمی دریافت، فائن آرٹس، کھیل، تفریح، پرفارمنگ آرٹس، موسیقی، اور مربوط آرٹ سے متعلق تعلیمی کورسز | پانچ مضامین (جاپانی، معاشرتی علوم، ریاضی، سائنس، اور انگریزی*1) عملی مہارتوں کا امتحان |
| | مربوط تعلیمی کورس (اسٹیپ سکول) | تین مضامین (جاپانی، ریاضی ،انگریزی*1 ) انٹرویو *3 |
| | مربوط تعلیمی کورس (بااختیار بنانے والا اسکول) | پانچ مضامین (جاپانی، معاشرتی علوم، ریاضی، سائنس، اور انگریزی*1) انٹرویو |
| متعدد کلاسوں کا کریڈٹ سسٹم پہلی اور دوسری نشستیں (تخلیقی اسکول) | | |
| دن یا شام کی کلاسز، کریڈٹ سسٹم | | |

■ **عام داخلے کے امتحانات (مارچ کے آغاز اور وسط کے درمیان) *2**

| کورسز کے اقسام | | تعلیمی مہارت کا امتحان اور دیگر |
|---|---|---|
| کل وقتی انضمام شدہ کورس | وہ تمام تعلیمی کورسز جنہیں خصوصی امتحان درکار نہیں | پانچ مضامین (جاپانی، معاشرتی علوم، ریاضی، سائنس، اور انگریزی*1) |
| جز وقتی اسکولنگ *4 | | تین مضامین (جاپانی، ریاضی، اور انگریزی*1) |
| مواصلاتی کورس*5 | | انٹرویو |

*1 انگریزی کے امتحان میں ایک لیسننگٹیسٹ شامل ہے۔

*2 درخواست جمع کرانے کے باوجود اگر آپ ناگزیر وجوہات کی بنا پر مقررہ دن تمام ٹیسٹ میں شرکت نہ کر سکے ہوں، تو ممکن ہے کہ متبادل تاریخ پر امتحان کی اجازت دی جائے۔ اس کے لیے براہ کرم اپنے جونیئر ہائی اسکول سے مشورہ کریں۔

*3 درخواست دیتے وقت، آپ "اورل انٹرویو" اور "تحریری انٹرویو" کے درمیان انتخاب کر سکتے ہیں۔

*4 21سال یا اس سے زائد عمر کے درخواست گزاروں کو تعلیمی کارگردگی اور جونیئر ہائی اسکول سے متعلق دیگر معاملات کیلئے استاد کی رپورٹ جمعہ کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، ایسے درخواست گزاروں کو تحریری تعلیمی امتحانات میں بیٹھنے کے ساتھ ساتھ ایک انٹرویو بھی دینا پڑے گا۔ اگر درخواست گزار چاہے، تو تعلیمی امتحانات کو ایک چھوٹے مضمون کے ساتھ تبدیل کیا جا سکتا ہے۔

*5 21سال یا اس سے زائد عمر کے درخواست گزاروں کو تعلیمی کارگردگی اور جونیئر ہائی اسکول سے متعلق دیگر معاملات کیلئے استاد کی رپورٹ جمعہ کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔

■ **دوسری اسکریننگ (مارچ کے اختتام پر)**

| کورسز کی اقسام | تعلیمی مہارت کا امتحان اور دیگر |
|---|---|
| وہ کورسز جن میں دستیاب جگہیں کامیاب امیدواروں کی تعداد سے تجاوز کرتی ہوں | انٹرویو |

■ **دیگر اقسام کی اسکریننگ (فروری کے وسط اور اختتام کے درمیان)**2*

| اسکریننگز کا نام / اسکولز، کورسز وغیرہ | تعلیمی مہارت کا امتحان اور دیگر |
|---|---|
| اوساکا پریفیکچرل تویوناکا ہائی اسکول( Osaka Prefectural Toyonaka High School) کی نوسے(*Nose*) برانچ کا داخلے کا امتحان<br>نوز شاخ (مربوط تعلیمی کورس) 2* | پانچ مضامین<br>(جاپانی، معاشرتی علوم، ریاضی، سائنس، اور انگریزی 1*)<br>انٹرویو |
| ملک واپس آنے والے کے لیے داخلے کا امتحان 2*5*<br>انگریزی کا کورس، بین الاقوامی ثقافتی علوم کورس، عالمی تعلیمی کورس، عالمی دریافتی کورس، انگریزی تحقیقاتی کورس، اور مربوط سائنس کورس | ریاضی، انگریزی 1*، اور<br>انٹرویو<br>(براہ کرم صفحہ 15ملاحظہ کریں) |
| ان غیر ملکی طلبہ اورملک واپس آنے والے طلبہ کے لیے داخلے کا امتحان جنہیں جاپانی زبان میں معاونت کی ضرورت ہو 2*6*<br>ہیگاشی یودوگاوا(Higashi Yodogawa) ہائی اسکول (عمومی تعلیمی کورس)<br>سیئبی (Seibi) ہائی اسکول (مربوط تعلیمی کورس)<br>کادوما نامیہایا(Kadoma Namihaya) ہائی اسکول (مربوط تعلیمی کورس)<br>فُوکُوئی(Fukui) ہائی اسکول (مربوط تعلیمی کورس)<br>یاؤ کِیتا(Yao Kita) ہائی اسکول (مربوط تعلیمی کورس)<br>ناگا یوشی(Nagayoshi) ہائی اسکول (مربوط تعلیمی کورس (بااختیار بنانے والا اسکول))<br>فیوسے کِیتا(Fuse Kita) ہائی اسکول (مربوط تعلیمی کورس (بااختیار بنانے والا اسکول))<br>اوساکا واکابا (Osaka Wakaba) ہائی اسکول (کثیر حصوں پر مشتمل کریڈٹ سسٹم، شعبہ اوّل (کریئیٹو اسکول)) | ریاضی، انگریزی1*، اور کمپوزیشن (کمپوزیشنز جاپانی کے علاوہ دیگر زبانوں میں لکھی جا سکتی ہیں۔)<br>(براہ کرم صفحہ 16ملاحظہ کریں) |
| ذہنی معذوری کے حامل طلباء کے لیے سپورٹ کورس میں داخلے کا انتخاب 2*7*<br>عمومی تعلیمی کورس<br>فلاور فیکٹری ڈیپارٹمنٹ، انوائرمینٹل گریننگ ڈیپارٹمنٹ، بایو سائنس ڈیپارٹمنٹ<br>مکینیکل انجینئرنگ کا شعبہ، الیکٹریکل انجینئرنگ کا شعبہ، سائنس اور انجینئرنگ کا شعبہ<br>مربوط تعلیمی کورس<br>مربوط تعلیمی کورس (اسٹیپ اسکول) | انٹرویو |

*1 انگریزی کے امتحان میں ایک لیسننگ ٹیسٹ شامل ہے۔

*2 درخواست جمع کرانے کے باوجود اگر آپ ناگزیر وجوہات کی بنا پر مقررہ دن تمام ٹیسٹ میں شرکت نہ کر سکے ہوں، تو ممکن ہے کہ متبادل تاریخ پر امتحان کی اجازت دی جائے۔ اس کے لیے براہ کرم اپنے جونیئر ہائی اسکول سے مشورہ کریں۔

*5 ایک ("چوؤساشو ) "*(chosasho)*استاد کی جانب سے شاگرد کی رپورٹ (درکار نہیں ہوتی۔)

*6 نہ تو "چوؤساشو) "استاد کی جانب سے شاگرد کی رپورٹ (نہ ہی " جِکّوشِنکوکُ شو "(jiko-shinkokusho)طالب علم کی سیلف-اسسٹمنٹ رپورٹ درکار ہے۔

*7 میڈیکل سرٹیفکیٹ ضروری ہے

خصوصی رعایتوں کے ساتھ امتحانات دینے کے لیے، عام تقاضوں کے ساتھ ساتھ اضافی قابلیتوں کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ درخواست درج کروانے سے پہلے، براہ کرم اپنے جونیئر ہائی اسکول سے درخواست کریں کہ وہ خصوصی تقاضوں کی تصدیق کے لیے متعلقہ بلدیہ کے تعلیمی بورڈ سے رابطہ کریں۔
اوساکا پریفیکچرل تویوناکا ہائی اسکول (Osaka Prefectural Toyonaka High School)کی نوسے شاخ کے داخلے کا امتحان دینے کے لیے کوئی قابلیتیں درکار نہیں ہیں۔

## پبلک ہائی اسکول

# داخلے کا معیار

**آپ کو داخلہ امتحان میں کامیاب ہونے کے معیار پر پورا اترنا ہو گا اور اس کے مطابق ہی تعلیمی امتحان کی تیاری کرنی ہوگی۔**

کامیاب امیدواروں کا تعین "چو ؤشوؤ" (استاد کی جانب سے شاگرد کی رپورٹ) کے مواد، اور انٹرویو(انٹرویوز) کے ساتھ ساتھ داخلے کے امتحان (امتحانات) کے نتائج کی بنا پر کیا جائے گا۔

■ **"چوساشو" (*Chousasho*)** (**استاد کی جانب سے تیار کردہ شاگرد کی رپورٹ**)

"چوساشو" کا مطلب ایک ایسی تحریری رپورٹ ہے جو اس جونیئر ہائی اسکول کے ایک استاد کی جانب سے تیار کی جاتی ہے جس سے طالب علم کا تعلق ہے یا تھا۔ یہ دستاویز ان ہائی اسکولوں کو ارسال کی جاتی ہے جن میں طالب علم داخلے کا خواہشمند ہو۔ یہ نو مضامین (جاپانی، معاشرتی علوم، ریاضی، سائنس، انگریزی، موسیقی، فائن آرٹس، جسمانی تعلیم اور صحت کے علوم، اور دستی آرٹس اور گھریلو علوم) کے نتائج اور طالب علم کے متعلق سرگرمیوں اور رویوں (مثلاً، سٹوڈنٹ کونسل، اسکول کی کمیٹی، یا کسی کلب میں شرکت اور اسکول میں طالب علم کے عمومی رویوں کے ریکارڈز) کے ریکارڈز پر مشتمل ہے۔ اس دستاویز میں موجود تعلیمی نتائج کی 1 (کم سے کم) اور 5 (زیادہ سے زیادہ) کے درمیان درجہ بندی کی جاتی ہے۔

■ **"جِکّوشِنکوکُ شو" (*Jiko-shinkokusho*)(ذاتی رپورٹ)**

درخواست جمع کراتے وقت، ہر طالب علم کو ذاتی رپورٹ اپلوڈ کرنا ہوگا۔ اس میں طالب علم دیے گئے موضوع کے تحت یہ درج کریگا گا کہ مڈل اسکول میں اس نے کیا کچھ سیکھا، اور ہائی اسکول میں وہ کن سرگرمیوں یا شعبوں میں دلچسپی رکھتا ہے۔
(ان غیر ملکی طلبہ اورملک واپس آنے والے طلبہ کو "جِنکوشِنکوکُوشو" (ذاتی رپورٹ) اپلوڈ کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔)

■ **"مینسیتس "(*Mensetsu*)(انٹرویو)**

انٹرویو میں، ہائی اسکول کے ممتحن درخواست گزار کی " جِکّوشِنکوکُ شو " (ذاتی رپورٹ) کو ذہن میں رکھ کر سوال کریں گے۔
(کون سے تعلیمی مضامین میں انٹرویو ضروری ہے یہ جاننے کے لئےبراہ کرم صفحہ 12 اور 13 کو رجوع کریں ۔)۔

اصولاً، ہائی اسکول اس بات کا تعین کرتے ہیں کہ کون سے امیدواروں کی جانچ درخواست گزار کی تعلیمی کارگردگی، ذاتی جانچ کی رپورٹ کے مواد، اور اسکول کی اپنی داخلہ پالیسی (متوقع مہارتیں اور ان کے طلبہ کا کردار) کے ساتھ تعمیل کی سطح کے جائزے کی بنیاد پر کی جائے گی۔ براہِ کرم اپنی "جِکّوشِنکوکُ شو" (ذاتی جانچ کی رپورٹ) کی تیاری کے دوران متعلقہ اسکولوں کی داخلہ پالیسی کو بغور پڑھیں جن میں آپ داخلہ لینا چاہتے ہیں۔

### پبلک ہائی اسکول

# بیرون ملک سے واپس آنے والے طلباء کا داخلہ کے لئے انتخاب

**غیر ملکی طلبہ اورملک واپس آنے والے جاپانی طلبہ کے لیے پبلک ہائی اسکول کے داخلے کا امتحان دیتے ہوئے خصوصی امتحانات درکار ہوتے ہیں۔**

**ملک واپس آنے والے طلبہ کے لیے داخلے کا امتحان**

■ **ٹارگٹ گروپ**

وہ امیدوار جو لگاتار 2 سالوں یا اس سے زائد عرصے تک بیرونِ ملک رہے اور 2 سالوں یا اس سے کم عرصے سے جاپان میں رہتے ہیں۔

■ **کورسوں کے نام**

انگریزی کورس، بین الاقوامی ثقافت کا تعلیمی کورس، عالمی تعلیمی کورس، عالمی دریافتی کورس، اور مربوط سائنسی کورس

■ **مشمولات**

○یہ امتحان ریاضی اور انگریزی کے مضامین سمیت ایک انٹرویو پر مشتمل ہے۔ (انٹرویو جاپانی زبان میں لیا جائے گا)

○ریاضی اور انگریزی کے امتحانات کے میں،ہر امیدوار کو اپنی پسند کی ایک ذو-لسانی لغت (اجاپانی اور انگریزی/انگلش کے علاوہ دیگر کسی زبان میں) ساتھ لانے کی اجازت ہے۔ تاہم، انگریزی کے امتحان کے لیے، متعلقہ امیدوار کوئی انگریزی/جاپانی ٹرانسلیشن ڈکشنری یا کوئی ایسی ڈکشنری جو انگلش زبان میں تحریر ہو، استعمال نہیں کرسکتا۔

* جو امیدوار اس انتخابی عمل میں حصہ لینا چاہتے ہیں، انہیں درخواست جمع کرواتے وقت "داخلہ و خروج (واپسی) کا ریکارڈ" وغیرہ جیسے دستاویزات جمع کروانا ضروری ہوں گے۔

چونکہ ان دستاویزات کی تیاری میں وقت لگ سکتا ہے، اس لیے براہِ کرم جلد از جلد اپنے مڈل اسکول کے استاد سے مشورہ کریں۔

## پبلک ہائی اسکول

# جاپان واپس آنے والے طلباء یا غیر ملکی طلباء کا داخلہ کے لئے انتخاب جنہیں جاپانی زبان کی تعلیم کی ضرورت ہے۔

■ **ٹارگٹ گروپ**

اصولاً، چین سےملک واپس آنے والے یا وہ غیر ملکی شہری جنہیں پرائمری اسکول کے چوتھے یا اس سےبڑے گریڈ میں داخلہ دیا گیا ہو۔

■ **2027 کے اسکول سال کے دوران امتحانات (فروری 2027 میں منعقدہ) لینے والے اسکولوں کے نام**

بیگاشی یودوگاوا (Higashi Yodogawa)ہائی اسکول (عام کورس)

فُکُوئی(Fukui) ہائی اسکول (مربوط کورس)

کادوما نامیہایا (Kadoma Namihaya)ہائی اسکول (مربوط کورس)

یاؤ کِیتا(Yao Kita) ہائی اسکول (مربوط کورس)

سیئ بی(Seibi) ہائی اسکول (مربوط کورس)

ناگایوشی(Nagayoshi) ہائی اسکول (مربوط کورس، بااختیار بنانے والا اسکول)

فُسے کِتا(Fuse Kita) ہائی اسکول (مربوط کورس، بااختیار بنانے والا اسکول)

وساکا واکابا (Osaka Wakaba) ہائی اسکول (کثیر حصوں پر مشتمل کریڈٹ سسٹم، شعبہ اوّل (کریئیٹو اسکول))

■ **مشمولات**

○ امتحان کے مضامین میں کمپوزیشن، ریاضی اور انگریزی (بشمول سننے کا ٹیسٹ) شامل ہیں۔

○ کمپوزیشن جاپانی کے علاوہ دیگر زبانوں میں لکھی جا سکتی ہے۔

○ داخلی امتحان میں چینی کانجی (*kanji*)حروف کے ساتھ ساتھ فیوری گانا) (Furigana)جو صوتی طور پر وضاحت کرتے ہیں کہ چینی حروف کو کس طرح سے پڑھنا ہےکو بھی پرنٹ کیا جا سکتا ہے۔

○ مضمون کے فعل کے لیے، سوال کو سمجھنے کے لیے غیر ملکی زبان میں کیی ورڈز دیے جائیں گے۔

○ امتحان دیینے کے دوران، امیدوار انگریزی لغت کے علاوہ آپ دو لغات کا استعمال کر سکتے ہیں۔ تاہم، انگریزی کے امتحان کے لیے، متعلقہ امیدوار کوئی انگریزی/جاپانی ٹرانسلیشن ڈکشنری یا کوئی ایسی ڈکشنری جو انگلش زبان میں تحریر ہو، استعمال نہیں کرسکتے۔

*اس داخلے کے امتحان کے لیے "جِکّوشِنکوک شو" (ذاتی جانچ کی رپورٹ) کی ضرورت نہیں ہے ۔

* نومبر 2023 میں، اوساکا پریفیکچرل ایجنسی آف ایجوکیشن(Osaka Prefectural Board of Education) اس بات کی پیشگی تصدیق کرے گی کہ آیا درخواست گزار کو یہ امتحان دینے کی اجازت ہے۔ تصدیق کے لیے دستاویزات مثلاً آمد اور برخاستگی کی تاریخ جمع کروانا درکار ہوتا ہے۔ ممکنہ درخواست گزاروں کو اپنے اپنے جونیئر ہائی اسکول میں موجود اساتذہ سے مشورہ کرنا ہوگا۔

# جاپان واپس آنے والے اور ان دیگر طلبہ کے لیے داخلہ امتحانات میں خصوصی رعایتیں
# جنہیں جاپانی زبان میں معاونت کی ضرورت ہو

**ملک واپس آنے والے جاپانی طلبہ اور ان غیر ملکی طلبہ کے لیے خصوصی رعایتیں جنہیں پبلک ہائی اسکولز کے داخلے کا امتحان دینے کے لیے جاپانی زبان میں معاونت کی ضرورت ہو۔ براہ کرم اپنے ہوم روم استاد سے مشورہ کریں کہ آیا آپ اس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔**

**رعایت ①**

■ **ٹارگٹ گروپ**

اصولاً، وہ افراد جو جاپان واپسی یا داخلہ کے بعد کسی پرائمری یا مڈل اسکول میں داخل ہوئے ہیں یا منتقل کر دیئے ہیں۔

■ **ہائی اسکول**

تمام پبلک ہائی اسکول

■ **مشمولات**

**<u>الف: امتحان کا وقت بڑھا دیا جائے گا (تقریباً 1.3 گنا تک)</u>**

وہ امیدوار جنہیں رعایت الف حاصل ہو ب، ج، اور د کے لیے بھی درخواست کر سکتے ہیں جیسا کہ ذیل میں تفصیل سے بیان کردہ ہے۔

**<u>ب: امتحان کے دوران انگریزی کے علاوہ دیگر لغات استعمال کرنے کی اجازت ہے۔</u>**

امید وار امتحان میں اپنے ساتھ انگریزی کے علاوہ دو ڈکشنری لا سکتے ہیں۔ تاہم، انگریزی کے امتحان کے لیے، متعلقہ امیدوار کوئی انگریزی/جاپانی ٹرانسلیشن ڈکشنری یا کوئی ایسی ڈکشنری جو انگلش زبان میں تحریر ہو، استعمال نہیں کرسکتا۔ مزید یہ کہ الیکٹرانک ڈکشنری لانا ممنوع ہے۔ کانجی(kanji) چینی حروف کی خواندگی کا امتحان ان طلبہ کے لیے حذف کر دیا گیا ہے جنہیں لغات درکار ہوں۔

**<u>ج: تعلیمی استعداد کے امتحان میں امیدوار کی درخواست پر چینی حروف کے ساتھ ساتھ فیوری گانا (*Furigana*) بھی پرنٹ کی جا سکتی ہے۔</u>**

تاہم، انگریزی کے امتحان کے لیے، متعلقہ امیدوار کوئی انگریزی/جاپانی ٹرانسلیشن ڈکشنری یا کوئی ایسی ڈکشنری جو انگلش زبان میں تحریر ہو، استعمال نہیں کرسکتا۔

فوری گانا (جو صوتی طور پر یہ وضاحت کرتی ہے کہ چینی حروف کو کس طرح سے پڑھا جانا چاہیئے) کو کانجی (*kanji*)حروف کے ساتھ پرنٹ کیا جا سکتا ہے جو پرائمری اسکول میں نہیں پڑھائے جاتے۔ ان امیدواروں کے لیے کانجی چینی کرداروں کا خواندگی کا امتحان حذف کر لیا گیا ہے جنہیں جاپانی زبان کے امتحان میں فوری گانا فراہم کی گئی تھا۔

**<u>د: جب جاپانی زبان کے امتحان میں مضمون یا کمپوزیشن کی طرز کے سوالات آئیں گے، تو سوالات سے متعلقہ کیی ورڈز غیر ملکی زبان میں فراہم کیے جائیں گے۔</u>**

**رعایت ②**

■ **ٹارگٹ گروپ**

وہ امیدوار جو مسلسل 2 سال یا اس سے زائد عرصے تک باہر رہے ہیں، اور پھر 2 سالوں یا اس سے کم عرصے سے جاپان میں رہتے رہے ہوں۔

■ **ہائی اسکول**

تمام پبلک ہائی اسکول

■ **مضامین**

آپ کی "جِکّو شِنکوکو شو" (ذاتی جانچ کی رپورٹ) آپ کے لیے آپ کے استاد یا سرپرست کی جانب سے لکھی جا سکتی ہے۔ اگر وہ یہ نہ لکھ سکیں اور آپ اسے خود لکھیں، تو جاپانی کے علاوہ دیگر زبانیں استعمال کی جا سکتی ہیں۔

**اگر آپ یہ رعایتیں حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو اپکا موجودہ جونیئر ہائی اسکول کے ذریعہ اوساکا پریفیکچر آفس آف ایجوکیشن میں درخواست دینا ہوگا ۔ اسکے لئے ، اپنے ہوم روم استاد سے مشورہ کریں۔**

**(*) خصوصی رعایتوں کی تفصیلات میں ترمیم بھی کی جا سکتی ہے. انہیں جولائی سے اگست2026 تک تے کیا جاےگا۔**

# پبلک ہائی اسکول

# 2027 کے تعلیمی سال کے لیے داخلہ امتحان کا شیڈول

درخواست کی مدت، امتحان کی تاریخ(تاریخیں)، اور ان نتائج کی تاریخ جن کا اعلان کیا جا رہا ہو اسکولنگ اور کورس کی قسم کے مطابق مختلف ہوتی ہیں۔ براہ کرم اسکول(سکولوں) اور کورس(کورسز) کی درخواست اور سکریننگ کے شیڈول کی بغور پڑتال کر لیں جس (جن) میں آپ داخلہ لینے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

| | | اسکریننگ کی اقسام | درخواست کی مدت | امتحان کی تاریخ * | نتائج کا اعلان |
|---|---|---|---|---|---|
| خصوصی انتخاب | کل وقتی مربوط کورس | صنعت (تعمیراتی ڈیزائن، انٹیریئر ڈیزائن، پراڈکٹ ڈیزائن، ویڈیو اور مووی ڈیزائن، ویژوئل ڈیزائن، اور ڈیزائن سسٹم) سے متعلق تعلیمی کورسز، عالمی دریافت، فائن آرٹس، کھیل، تفریح، پرفارمنگ آرٹس، اور انضمامی آرٹ کے کورسز | فروری 15 (پیر) – فروری 16 (منگل) | تعلیمی قابلیتی ٹیسٹ فروری18 (جمعرات ) عملی مہارت کا ٹیسٹ فروری19 ( جمعہ) | 1 مارچ (پیر) |
| | | موسیقی کا کورس | فروری 2 (منگل) – فروری 3 (بدھ) | گلوکاری کی مہارت کا امتحان اور موسیقی کے ساز کے استعمال میں مہارت کا ٹیسٹ فروری 14 (اتوار ) تعلیمی قابلیتی ٹیسٹ اور لیسننگ ٹیسٹفروری 18( جمعرات ) | |
| | | مربوط تعلیمی کورس( اسٹیپ سکول) | فروری 15 (پیر) – فروری 16 (منگل) | علمی قابلیت کا امتحان 18 فروری ( جمعرات ) انٹرویو 19 فروری ( جمعہ ) اور 22 (پیر ) میں سے کوئی ایک دن | |
| | | مربوط تعلیمی کورس (سٹیپ آسکول) | فروری 15 (پیر) – فروری 16 (منگل) | تعلیمی قابلیتی ٹیسٹ فروری 18(جمعرات ) انٹرویو فروری 19(جمعہ ) | |
| | | ملٹیپل-کلاس کریڈٹ سسٹم، شعبہ اوّل و دوم (کریئیٹو اسکول) | | | |
| | | دن یا شام کی کلاسیں ، کریڈٹ سسٹم | | | |
| | | اوساکا پریفیکچرل تویوناکا(Osaka Prefectural Toyonaka) ہائی اسکول کی نوسے(Nose) شاخ کے لیے داخلہ امتحان | فروری 15 (پیر) – فروری 16 (منگل) | تعلیمی قابلیتی ٹیسٹ فروری 18(جمعرات ) انٹرویو فروری 19(جمعہ ) | |
| | | ملک واپس لوٹنے والے طلبہ کے لیے داخلے کا امتحان | | تعلیمی قابلیتی ٹیسٹ اور انٹرویو فروری 18(جمعرات ) | |
| | | غیر ملکی طلبہ اورملک واپس آنے والے ان طلبہ کے لیے داخلے کا امتحان جنہیں جاپانی زبان میں معاونت کی ضرورت ہو | | تعلیمی قابلیتی ٹیسٹ اور کمپوزیشن فروری 18(جمعرات ) | |
| | | ذہنی طور پر معذور طلباء کے لیے خودمختار معاونتی کورس کی اضافی سکریننگ | | انٹرویو فروری 18 (جمعرات)، 19 (جمعہ)، 22 ( پیر ) میں سے ایک دن | |

* اگر امیدوار نے درخواست دی ہو مگر ناگزیر حالات کی بنا پر مقررہ دن تمام ٹیسٹ میں شرکت نہ کر سکے ہوں، تو آپ مختلف شیڈول پر امتحان دے سکتے ہیں، اس کے لیے براہ کرم اپنے جونیئر ہائی اسکول سے مشورہ کریں۔

| | | سکریننگ کی اقسام | درخواست کی مدت | امتحان کی تاریخ * | نتائج کا اعلان |
|---|---|---|---|---|---|
| عمومی انتخاب | کل وقتی مربوط کورس | ●عمومی تعلیمی کورس<br>(بشمول عمومی کریڈٹ کورس)<br>●کامرس سے متعلق کورس<br>● گلوبل بزنسکورس<br>●زراعت سے متعلق کورس<br>●صنعت سے متعلق تعلیمی کورس<br>(ان اسکول کورسز کے علاوہ جو خصوصی سکریننگز منعقد کرتے ہیں)<br>●انگریزی● بین الاقوامی ثقافتی کورس●گلوبل اسٹڈیز●سائنس اور ریاضی<br>●مربوط تعلیمی کورس●سائنس کی تخلیق کے کورس<br>● آرٹس اور سائنس● تعلیمی ادب اور سائنس سے متعلق تعلیمی کورس● بہبود رضاکاری●خوردنی ثقافت<br>●مربوط تعلیمی کورس<br>(باختیار بنانے والے اسکول اور اسٹیپ اسکول کو چھوڑ کر) | مارچ 3<br>( بدھ )<br>—<br>مارچ 5<br>(جمعہ ) | تعلیمی اور دیگر امتحانات<br>مارچ 10(بدھ ) | مارچ 18<br>(جمعہ ) |
| | جز وقتی اسکولنگ | | | | |
| | مواصلاتی کورس | | مارچ 1 ( پیر)<br>—<br>مارچ 3<br>( بدھ ) | انٹرویو<br><br>مارچ 7 ( اتوار ) ،8(پیر )، یا 9( منگل)<br>میں سے ایک دن | |
| دوسرے ٹرم کی سکریننگ (اگر اسکول اسے ضروری سمجھتا ہے تو) | | ذہنی طور پر معذور طلبہ کے لیے خودمختار معاونتی کورس کی اضافی سکریننگ (اگر اسکول اسے ضروری سمجھتا ہے تو) | مارچ 23<br>( منگل ) | انٹرویو<br>مارچ 24 ( بدھ ) | مارچ 25<br>(جمعرات ) |
| خزاں میں داخلے کی اسکریننگ | | متعدد اوقاتِ تعلیم پر مشتمل کریڈٹ سسٹم، پہلی نشست (کریئیٹو اسکول)<br>دن یا شام کی کلاسیں ، کریڈٹ سسٹم<br>جز وقتی اسکولنگ | ستمبر۔ 6 ،<br>2027 ( پیر) | چھوٹا مضمون<br>(Shorombun)<br>اور انٹرویو<br>ستمبر۔ 9،<br>2027( جمعرات ) | ستمبر۔ 15،<br>2027<br>( بدھ ) |
| | | مواصلاتی کورس | | اور انٹرویو<br>ستمبر۔ 9،<br>2027( جمعرات ) | |

* اگر امیدوار نے درخواست دی ہو مگر ناگزیر حالات کی بنا پر مقررہ دن تمام ٹیسٹ میں شرکت نہ کر سکے ہوں، تو آپ مختلف شیڈول پر امتحان دے سکتے ہیں، اس کے لیے براہ کرم اپنے جونیئر ہائی اسکول سے مشورہ کریں۔

*درخواستیں آن لائن جمع کرائی جائیں گی۔ جائیں گی۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم 2Dکوڈ سکین کریں۔

## تعلیم کے لیے مالی معاونت

# داخلہ فیس کے لیے وقتی قرض فراہم کرنے کا نظام

طالب علم ہائی اسکول میں داخلے کے لیے درکار رقم قرض لے سکتے ہیں- بازادائیگی کی شرائط، معیار اور طریقے کے بارے میں مزید معلومات ذیل میں دی گئی فہرست میں موجود قرض دینے والی تنظیموں کے ذریعے براہ راست دستیاب ہیں۔

| تنظیم کا نام | قرض کی رقم | درخواست | رابطہ |
|---|---|---|---|
| اوساکا پری فیکچرل سکالرشپ ایسوسی ایشن | سینٹرل پبلک ہائی اسکول: ¥100,000تک<br>پرائیویٹ ہائی اسکول: ¥370,000 تک | ستمبرکا آغاز - اکتوبر کا آغاز<br>مڈل اسکول کے تیسرے سال میں | ٹیلی فون 06-6357-6272 |
| لائف ویلفیئر فنڈز | ¥500,000 تک | اسکول میں داخلے کے تعلیمی سال کے بعد اپریل کے اختتام تک | میونسپل سوشل ویلفیئر کونسل |
| سنگل مدر فیملیز، سنگل فادر فیملیز، اینڈ وِڈو ویلفیئر فنڈز | پبلک ہائی اسکول (جب آپ گھر سے سفر کرتے ہیں) : ¥150,000 تک<br>پرائیویٹ ہائی اسکول (جب آپ گھر سے سفر کرتے ہیں) ¥410,000 تک | اگر آپ جانتے ہیں کہ آپ کو کتنی رقم درکار ہے، تو ہم سے رابطہ کریں۔ | آپ کے قصبے یا شہر میں بہبودی دفتر اور دیگر ادارے |
| ٹریفک آرفن سکالرشپ ایسوسی ایشن | ①¥200,000<br>②¥400,000 یا<br>③¥600,000<br>درخواست میں سے منتخب کرنے ہوں گے | اپریل - جنوری مڈل اسکول کے تیسرے سال میں | ٹیلی فون 0120-52-1286 |
| آشی ناگا (Ashinaga) سکالرشپ ایسوسی ایشن | پرائیویٹ ہائی اسکول ¥300,000 | یکم ستمبر سے آن لائن درخواست جمع کرائی جائے گی۔ | ٹیلی فون 0120-77-8565 |


## اسکول کی فیس کے لیے مالی تعاون

# سکالرشپ سسٹم

ایسے طلبہ کے لیے سکالرشپ یا سود سے پاک قرض دستیاب ہیں جنہیں خاندان کے حالات یا دیگر وجوہات کی بنا پر اسکول کی ٹیوشن فیس کی ادائیگی کے لیے مالی معاونت کی ضرورت ہو۔ گریجویشن کے بعد انہیں قرض واپس کرنا ہوگا۔ بازادائیگی کی قابلیت، معیار اور طریقے کے بارے میں مزید معلومات ذیل میں دیے گئے فراہم کار اداروں کے ذریعے براہ راست دستیاب ہیں۔

| تنظیم کا نام | قرض کی رقم | درخواست | رابطہ |
|---|---|---|---|
| اوساکا پری فیکچرل اسکالرشپ ایسوسی ایشن | سینٹرل پبلک ہائی اسکول اور پرائیویٹ ہائی اسکول کی در حقیقت ٹیوشن فیس کم از کم ¥100,000 | ستمبر کا آغاز – اکتوبر وسط تک<br>مڈل اسکول کے تیسرے سال میں<br>ہائی اسکول میں داخلے کے بعد بھی ممکن ہے | ٹیلی فون<br>06-6357-6272 |
| لائف ویلفیئر فنڈز قرض | ماہانہ ¥35,000 تک | کسی بھی وقت | میونسپل سوشل ویلفیئر کونسل |
| سنگل مدر فیملیز، سنگل فادر فیملیز اینڈ وِڈو(Single Mother Families, Single Father Families, and Widow)<br>ویلفیئر فنڈز | ہائی اسکول کی ٹیوشن فیس نہ ہونے کیوجہ سے مخرج از قرض ہے ۔ ( رقم کا تعین مشاورت پر منحصر ہے ) | یہ تعین کرنے کے بعد کسی بھی وقت کہ کس اسکول(سکولوں) میں داخلہ لینا ہے | آپ کے ٹاؤن یا شہر میں بہبودی دفتر اور دیگر ادارے |
| ٹریفک آرفن سکالرشپ ایسوسی ایشن | ①¥20,000<br>②¥30,000 یا<br>③¥40,000 ماہانہ<br>درخواست میں منتخب کرنے ہوں گے | اپریل – جنوری<br>مڈل اسکول کے تیسرے سال میں، یا اپریل – جنوری<br>ہائی اسکول میں داخلے کے بعد | ٹیلی فون<br>0120-52-1286 |
| آشی ناگا اسکالرشپ ایسوسی ایشن | ماہانہ رقم<br>پبلک ہائی اسکول: ¥30,000<br>پرائیویٹ ہائی اسکول: ¥30,000 | ی کم ستمبر سے آن لائن درخواست جمع کرائی جائے گی۔ | ٹیلی فون<br>0120-77-8565 |
| ریٹرنیز فرام چائنا ہائی اسکول سکالرشپ | ¥20,000 ماہانہ<br>باز ادائیگی کی کوئی ضرورت نہیں | 2 نومبر ۔ 15 دسمبر<br>مڈل اسکول کے تیسرے سال میں | یاماساکی ٹویوکو کلچرل فاؤنڈیشن ( Yamasaki Toyoko Cultural Foundation)<br>ٹیلی فون<br>072-266-2522 |
| کورین سکالرشپ ایسوسی ایشن سکالرشپ | ¥10,000 ماہانہ<br>باز ادائیگی کی کوئی ضرورت نہیں | اپریل سے مئی کے دوران ( انٹر نیٹ سے ممکن ) | ٹیلی فون<br>03-3343-5757 |

## اچانک معاشی تنگی کی صورت میں ،
## ٹیوشن فیس کی ادا ئیگی میں دشواری کی صورت میں امدادی پروگرام



**روزگار کی ایسی افتاد کہ جس میں سرپرست کی آمدن نہ رہے یا آمدنی میں ایسی کمی ہو جائے کہ فیس نہ دے سکے تو ایسی صورت میں فیس میں رعایت یا فیس معاف بھی ہو سکتی ہے ۔**
**فیس کی رعایت یا معافی کے شرائط ہیں ۔تفصیلات کے لئے موجودہ اسکول یادرج ذیل سے رابطہ کریں (صرف جاپانی زبان میں):**

■ پبلک اسکولوں کے لیے

اوساکا پریفیکچر ڈیپارٹمنٹ آف فنانس فار ایجوکیشنل انسٹیٹیوشن- سالانہ آمدنی والی جماعت

فون نمبر: 06-6941-0351 ایکسٹینشن (6913)

■ پرائیویٹ اسکولوں کے لیے


اوساکا پریفیکچر کا بورڈ آف ایجوکیشن، پرائیویٹ اسکول ڈیویژن، ایلیمنٹری، جونیئر ہائی اور ہائی اسکول پروموشن گروپ

فون نمبر: 06-6941-0351 (ڈائریکٹ لائن)

اوساکا پریفیکچرل سٹیزنز انکوائری سینٹر بیپ لائن

فون نمبر: 06-6910-8001

# ہائی اسکول کے متبادلات



**مڈل اسکول سے گریجویشن کے بعد ہائی اسکول نہ جانے کی صورت میں مندرجہ ذیل متبادلات موجود ہیں ۔**

■ **ہائی اسکول کے علاوہ دوسرے اپشن**

انجینیئرنگ اور ٹیکنالوجیکل مضامین کے لئے خاص اسکول

**خصوصی تربیتی اسکول**
کام یا زندگی کی ضروریات کے بارے میں سیکھنے کے لیے اسکول

**پیشہ ورانہ تربیتی اسکول**
کام کی مہارتیں اور تکانیک سیکھنے کے لیے اسکول

ہر اسکول مختلف مضامین اور خصوصیات سکھاتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے اپنے انچارج استاد سے پوچھیں۔

■ گھر کی دیکھ بھال، خاندانی کاروبار

■ روزگار کی تلاش 



روزگار تلاش کرنے کے لیے کیا کرنا چاہیئے؟

⇐ اس کے دو بنیادی طریقے ہیں:

① ہیلو ورک (Hello-Work) کے ذریعے آسامی کے لیے درخواست دیں۔

② ذاتی یا خاندانی توسط سے نوکری تلاش کریں۔
یہاں ایک "ہیلو ورک" کی سہولت ہے، جسکے ضریح آپ چینی، انگریزی، پرتگالی، ہسپانوی، ویتنامی، نیپالی اور یوکرینی جیسی زبانوں میں مشورہ حاصل کر سکتے ہیں

# معاونتی تنظیموں کی فہرست

**آپ بذریعہ ٹیلی فون ہائی اسکول یا دیگر اختیارات کے بارے میں مشورہ حاصل کر سکتے ہیں۔**

| تنظیم کا نام | رابطے کا ٹیلی فون نمبر | بولی جانے والی زبانیں |
|---|---|---|
| اوساکا پریفیکچرل بورڈ آف ایجوکیشن (Osaka Prefectural Board of Education)، بلدیات کے لیے تعلیمی دفتر، ایلیمینٹری اینڈ جونیئر ہائی اسکول ڈویژن، کیریئر کی معاونت کا گروپ | 06-6941-0351<br>ایکسٹینشن5484 | جاپانی |
| اوساکا سٹی بورڈ آف ایجوکیشن (Osaka City Board of Education) | 06-6208-8128 | جاپانی |
| ساکائی بورڈ آف ایجوکیشن (Sakai City Board of Education) | 072-340-2300 | جاپانی |
| جاپان میں موجود غیر ملکیوں کے لیے اوساکا پریفیکچرل کونسل آف ایجوکیشن (Osaka Prefectural Council of Education) | فیکس: 050-3383-2683<br>ای میل: fugaikyo@nifty.com | جاپانی |
| اوساکا شہر تعلیم غیر ملکیوں کی کونسل | 06-6715-1720 | جاپانی |


جاری کردہ ستمبر 2026

◆ ترمیم اور اشاعت◆

اوساکا پریفیکچرل ایجنسی آف ایجوکیشن**(Osaka Prefectural Board of Education)**،
بلدیات کے لیے تعلیمی دفتر،
ایلیمینٹری اینڈ جونیئر ہائی اسکول ڈویژن، کیریئر کی معاونت کا گروپ

ٹیلی فون 06-6941-0351 ایکسٹینشن (5484)فیکس 06-6944-3826

ای میل shichosonkyoiku@sbox.pref.osaka.lg.jp

URL https://www.pref.osaka.lg.jp/shochugakko/



※ تجارتی استعمال کے علاوہ ہر طرح سے اس کے دوبارہ استعمال کی اجازت ہے۔
اس کتابچہ کی نقل تیار کرتے وقت اس کے اصلی ماخذ کو واضح طور پر درج کریں-


＜ウルドゥー語＞